گنہگار والد کی اطاعت کا حکم

مجیب: فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-883

تاریخ اجراء: 02ذوالقعدۃ الحرام 1444ھ/22مئی 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی باپ سود لیتا ہو، چوریاں کرتا اور جوا کھیلتا ہو گھر والوں کو پریشان کرتا اور ذہنی اذیت دیتا ہو تو کیا اس باپ کی تعظیم کی جائے گی اور تعظیم کرنے پر وہ مزید پریشان کرے پھر کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

سود لینا، چوری کرنا، جوا کھیلنا، مسلمان کو ناحق ایذا دینا بڑے گناہوں میں سے ہیں، ان کاموں میں ملوث شخص کو اللہ عزوجل کی بارگاہ میں فوراً توبہ کرنی چاہیئے، بغیر توبہ موت آگئی تو رب تعالیٰ کے ناراض ہونے کی صورت میں بہت سخت پکڑ ہو سکتی ہے، مگر یہ یاد رہے کہ ان گناہوں کے سبب اولاد کو اس بات کا اختیار نہیں کہ اپنے والد کو ایذا پہنچائیں، بلکہ ان کو پیار و محبت سے سمجھانے کا سلسلہ جاری رکھیں، گناہ کبیرہ کے ارتکاب کے باوجود بھی جائز باتوں میں والد کی اطاعت کی جائے گی، ان کو ادب اور نرمی سے ہی نیکی کی دعوت دی جائے گی، سمجھایا جائے گا، مان جائیں تو ٹھیک ورنہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا، لیکن ان کے فعل کو دل سے برا جانیں اور کسی معتبر اور اصلاح پر قادر شخص کے ذریعے بھی ان کی اصلاح کی کوشش جاری رکھی جائے۔

اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”اطاعتِ والدین جائز باتوں میں فرض ہے اگرچہ وہ خود مرتکبِ کبیرہ ہوں، ان کے کبیرہ کا وبال ان پر ہے مگر اس کے سبب یہ اُمورِ جائزہ میں ان کی اطاعت سے باہر نہیں ہو سکتا، ہاں اگر وہ کسی ناجائز بات کا حکم کریں تو اس میں ان کی اطاعت جائز نہیں، لا طاعۃ لاحد فی معصیۃ اللہ تعالی (اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی بھی شخص کی اطاعت نہیں کی جائے گی۔ت) ماں باپ اگر گناہ کرتے ہوں ان سے بہ نرمی و ادب گزارش کرے اگر مان لیں بہتر ورنہ سختی نہیں کر سکتا، بلکہ غیبت (یعنی تنہائی) میں ان کے لئے دعا کرے، اور ان کا یہ جاہلانہ جواب دینا کہ یہ تو ضرور کروں گا یا توبہ سے انکار کرنا دوسرا سخت کبیرہ ہے مگر مطلقاً کفر نہیں

جب تک کہ حرامِ قطعی کو حلال جاننا یا حکمِ شرع کی توہین کے طور پر نہ ہو، اس سے بھی جائز باتوں میں ان کی اطاعت منع نہ کی جائے گی۔" (فتاوی رضویہ، جلد21، صفحہ157، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net